# PRESS RELEASE

For immediate release
June 20, 2023

**SECP amends Securities & Futures Advisers Regulations to improve investor base**

ISLAMABAD, June 20: The Securities and Exchange Commission of Pakistan (SECP) has notified amendments to the Securities and Futures Advisers (Licensing and Operations) Regulations, 2017. These amendments aim to develop a resilient market for Securities and Futures Advisers, facilitating ease of doing business, improving financial inclusion, and expanding the investor base.

The introduced amendments align the existing regulations with market developments and eliminate redundancies to facilitate ease of doing business.

One of the significant facilitations provided is reduction in financial resource requirement for Securities and Futures Advisers applying for a license as a distributor to PKR 500,000 in the case of a company and PKR 250,000 for individuals. The requirement on sponsors of Securities & Futures Advisers to collectively hold shares of 51% or 25 % shares in case of listed company has been eliminated.

In addition, scheduled banks, microfinance banks, non-bank microfinance companies, and electronic money institutions are exempted from obtaining a separate license as a distributor. The notified regulations enable the distribution of Voluntary Pension Funds offered by pension fund managers other than Asset Management Companies and allows compensation in capacity of distributor to be received from AMC's/Pension Fund Manager barring distributor charging any advisory fees from clients related to distributions services.

For digital advisory/distribution platforms, the regulations now include requirements for compliance with data protection and cybersecurity. The amendments also introduce the need for 15 days prior intimation to the Commission before launching a platform and submission of information regarding existing digital platforms.

To further decrease regulatory burden, a single consolidated Affidavit is provided. Excessive documentation requirements in Annexure-B of the regulations have been removed, the Fit & Proper criterion has been rationalized and a new Annexure-C relating to contents of the Standard Distribution Agreement for distributors has been inserted.

SECP believes regulatory amendments/reforms are essential for the long-term sustainability of the Securities and Futures Advisors sector in Pakistan. The Notification is available at SECP's website at https://www.secp.gov.pk/document/sro-742-i-2023-amendments-to-securities-and-futures-advisers-licensing-and-operations-regulations-2017/?wpdmdl=48169

# سکیورٹیز اینڈ فیوچر ایڈوائزرز ریگولیشنز میں ترامیم اہم متعارف: ایس ای سی پی

اسلام آباد، 20 جون: سکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان نے مالیاتی شمولیت کو فروغ دینے اور سرمایہ کاروں کے لیے آسانیوں کی فراہمی کو مد نظر رکھتے ہوئے سکیورٹیز اینڈ فیوچرز ایڈوائزرز (لائسنسنگ اینڈ آپریشنز) ریگولیشنز 2017 میں اہم ترامیم متعارف کروا دیں ہیں۔ ترمیمی ریگولیشنز کا نوٹیفکیشن جاری کر دیا گیا ہے۔

ان ترامیم کے ذریعے ضوابط میں سے نہ صرف پرانی اور دوہری معلومات کا تقاضا کرنے والی شدہ شقوں کو خارج کر دیا گیا ہے بلکہ مارکیٹ کو نئے رجحانات کے مطابق ڈھالنے کے لیے بنیاد بھی فراہم کی گئی ہے۔

نئی متعارف کرائی گئی اہم ترامیم میں سکیورٹیز اینڈ فیوچر ایڈوائزر کے ڈسٹری بیوٹر کا لائسنس حاصل کرنے کے لئے کمپنیوں کے فنانس کی حد پانچ لاکھ روپے جبکہ افراد کے لئے فنانس کی حد ڈھائی لاکھ روپے کر دی گئی ہے۔ سی طرح ایڈوائزرز کے پاس سرمایہ کاروں کے اثاثوں کی تحویل نہ ہونے کے پیش نظر ایڈوائزر کے اسپانسرز پر مجموعی طور پر 51 فیصد حصص اور افراد پر 25 فیصد حصص رکھنے کی شرط کو بھی ختم کر دیا گیا ہے۔ علاوہ ازیں ایڈوائزر کے لئے اہلیت کے معیار کا از سر نو جائزہ لیا گیا ہے۔

ترامیم کے ذریعے صارفین کے ڈیٹا کے تحفظ اور سائبر سیکیورٹی کو یقینی بنانے کے پیش نظر ڈیجیٹل ایڈوائزری/ڈسٹری بیوشن پلیٹ فارمز کے لیے نئی شقیں بھی شامل کی گئی ہے۔ ڈیجیٹل ایڈوائزرز کو پابند کی اگیا ہے کہ ان ترامیم کا نوٹیفکیشن جاری ہونے کے 30 دنوں کے اندر، اپنے ڈیجیٹل پلیٹ فارمز کی معلومات کمیشن میں جمع کروائیں جبکہ مستقبل میں ایسے کسی بھی پلیٹ فارم کے اجراء سے 15 دن پہلے کمیشن کو مطلع کرنا ہو گا۔

میوچل فنڈ ایسوسی ایشن آف پاکستان کے ساتھ سکیورٹیز اور فیوچر ایڈوائزرز کی رجسٹریشن کے لیے بھی سپورٹنگ شق فراہم کی گئی ہے۔ ایس ای سی پی کا ماننا ہے کہ پاکستان میں سکیورٹیز اینڈ فیوچر ایڈوائزرز کے شعبے کی طویل مدتی استحکام اور فروغ کے لیے مجوزہ ریگولیٹری ترامیم ضروری تھیں۔ ترامیم کا نوٹیفکیشن ایس ای سی پی کی ویب سائٹ پر دستیاب ہے۔